پانچ دن کے لیے آبائی گھر آنے والا نماز میں قصر کرے گا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13408

تاریخ اجراء: 14ذی الحجۃ الحرام1445ھ/21جون2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید پاکستان کا رہائشی ہے، کمانے کی غرض سے بیرونِ ملک گیا۔ دو سال بعد زید پانچ دن کی چھٹی پر اپنے آبائی گھر پاکستان واپس آیا۔ آپ سے معلوم یہ کرنا ہے کہ ان پانچ دنوں کی نماز زید مکمل پڑھے گا یا ان میں قصر کرے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مسافر جب اپنے آبائی شہر اور وطن اصلی میں داخل ہو جائے تو وہ مقیم ہو جاتا ہے اگرچہ اُس نے اقامت کی نیت نہ کی ہو۔ لہذا پوچھی گئی صورت میں زید اپنے وطنِ اصلی میں داخل ہوتے ہی مقیم ہو گیا، یہاں جتنے بھی دن زید کا قیام ہو گا، نماز پوری ہی ادا کرے گا۔

مسافر وطنِ اصلی میں داخل ہوتے ہی مقیم ہو جاتا ہے، لہذا نماز پوری پڑھے گا۔ جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری وغیرہ کتبِ فقہیہ میں مذکور ہے: "واذا دخل المسافر مصرہ اتم الصلاۃ وان لم ینو الاقامۃ فیہ سواء دخلہ بنیۃ الاجتیاز او دخلہ لقضاء الحاجۃ۔" یعنی جب مسافر اپنے وطن اصلی میں داخل ہو جائے تو وہ پوری نماز پڑھے گا، اگرچہ اس کی اقامت کی نیت نہ ہو، خواہ وہ گزرنے کی نیت سے داخل ہوا ہو یا کسی کام کی وجہ سے اپنے شہر میں داخل ہوا ہو۔ (فتاوی عالمگیری، کتاب الصلاۃ، ج01، ص142، مطبوعہ پشاور)

سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: "(زید) جب اپنے وطن کی آبادی میں آ گیا قصر جاتا رہا، جب تک یہاں رہے گا اگرچہ ایک ہی ساعت، قصر نہ کر سکے گا کہ وطن میں کچھ پندرہ روز ٹھہرنے کی نیت ضرور نہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج08، ص258، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بہارِ شریعت میں ہے: "مسافر جب وطنِ اصلی میں پہنچ گیا، سفر ختم ہو گیا اگرچہ اقامت کی نیت نہ کی ہو۔" (بہارِ

شریعت، ج01، ص751، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاویٰ فیضِ رسول میں ہے:"(زید) جب اپنے آبائی وطن میں پہنچ جائے گا تو قصر نہ کرے گا کہ وطن اصلی ہے اور مسافر جب وطنِ اصلی میں پہنچ جاتا ہے تو سفر ختم ہو جاتا ہے اگرچہ اقامت کی نیت نہ ہو۔" (فتاوی فیض الرسول، ج01، ص394، شبیر برادرز، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net